© rasailojaraid.com

مطبوعہ کتابوں کا تذکرہ انھیں صفحات میں پہلے بھی آچکا ہے یہ اس سلسلہ کی تیسری ضخیم کتاب ہے، ہم نے پہلے بھی مبارک باد دی تھی اور اب پھر یونیورسٹی کو اس کی اُردو نوازی پر مبارک باد دیتے ہیں، امید ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کر کے مدراس یونیورسٹی کو اس کا موقع دیں گے کہ وہ آئندہ بھی اُردو زبان میں اسی طرح کی علمی اور ادبی کتابیں شائع کرتی رہے۔

الحسین از عمر ابو النصر ترجمہ شیخ محمد احمد پانی پتی تقطیع متوسط ضخامت ۱۷۲ صفحات ٹائپ جلی اور خوشنما قیمت عہ/ پتہ:- مکتبۂ جدید انارکلی لاہور

یہ کتاب حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے حالات و سوانح میں اصل عربی میں تھی محمد احمد صاحب نے اس کو اُردو کا جامہ اس خوبی سے پہنایا ہے کہ ترجمہ بالکل ترجمہ نہیں معلوم ہوتا پھر زبان اور طرز بیان بھی بہت سلجھا ہوا اور شستہ ہے۔ لائق مصنف نے پہلے خلافت کے بارہ میں جو مختلف نظریات تھے ان کو بیان کیا ہے۔ اس کے بعد حضرت علی اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کے اوصاف و کمالات کی مختلف تصویریں دکھائی ہیں، اس کا مقصد یہ ہے کہ امام حسین کی شہادت جن چند واقعات کے مرتب سلسلہ کا نتیجہ تھی ان کے سمجھنے میں آسانی ہو اس کے بعد امام والامقام کے چند ابتدائی واقعات زندگی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آپ کے ساتھ غیر معمولی محبت و شفقت وغیرہ کا ذکر کرنے کے بعد شہادت کبریٰ کا واقعہ ہائلہ پوری تفصیل کے ساتھ لکھا ہے، واقعات اکثر و بیشتر مستند اور صحیح ہیں اور لب ولہجہ بھی معتدل و متوازن اور سنجیدہ ہے اس کا مطالعہ عام مسلمانوں کے لئے مفید اور عبرت آموز ہوگا

الفوز الکبیر فی اصول التفسیر (عربی) از حضرت شاہ ولی اللہ الدہلوی تقطیع کلاں ضخامت ۷۲ صفحات ٹائپ جلی اور روشن قیمت دو روپیہ

پتہ:- مکتبۂ سلفیہ شیش محل روڈ لاہور (مغربی پاکستان)

یہ رسالہ حضرت شاہ صاحب کی مشہور تصنیف ہے جس میں تفسیر قرآن کے اصول پر گو مختصر لیکن بڑی جامع اور بصیرت افروز بحث کی گئی ہے۔ یہ رسالہ کمیاب کیا

© rasailojaraid.com